سوال

(25)کیا رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ تھا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا سایہ تھا؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نبیﷺ کا سایہ تھا، کیونکہ قرآن مجید نے تمام انسانوں کا سایہ ثابت کیا ہے، آنحضرتﷺ بھی بشر تھے اور انسان تھے اس واسطے قرآن سے آپ کا سایہ ثابت ہوگیا اور جو لوگ کہتے ہیں کہ آپ کا سایہ نہیں تھا، انہوں نے آپ کو استثناء کرنے کے لیے کوئی صحیح دلیل نہیں پش کی صرف دعویٰ بلا دلیل کیا ہے جو کہ قابل قبول نہیں ہے۔ (مولانا حافظ محمد گوندلوی، اہل حدیث لاہور جلد نمبر ۳، شمارہ نمبر ۲۹)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاوی علمائے حدیث

جلد 09 ص 113

محدث فتویٰ